ڈائریکٹرز رپورٹ

الضامن مضاربہ مینجمنٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹر (بورڈ کے ناظمین) ٹرسٹ مضاربہ کی 30 جون 2016کو اختتام پذیر سال کی منسلک سالانہ رپورٹ پیش کرتے ہیں۔

معاشی جائزہ

مالی سال 2016 میں پاکستان کی معاشی کارکردگی بہتری کی جانب گامزن رہی۔ جی ڈی پی کی شرح نمو مالی سال 2015 کی 4 فیصد کے مقابلے میں اس مالی سال آٹھ سالوں میں سب سے زیادہ **4.7**فیصد پر پہنچی ۔ صنعت اور خدمات کے شعبے کی صحت مند کارکردگی نے اس ترقی میں حصہ ڈالا۔ دوسری جانب کپاس کی فصل میں نمایاں نقصان کی وجہ سے زراعت میں **0.2** فیصد کی کمی ہوئی۔ اوسط سی پی آئی افراطِ زر میں گذشتہ سال کے **4.5**فیصد کے مقابلے میں سال 2016 میں کمی کے ساتھ **2.9** فیصد رہی۔ غیر ملکی زر مبادلہ ک ذخائر 23 بلین امریکی ڈالر رہے جس کا نتیجہ مستحکم روپیہ رہا۔ سال بہ سال گذشتہ سال کے**17.3** فیصد کے مقابلے میں بیرونی ممالک سے ترسیلِ زر**5.8** فیصد رہیں۔ ایس بی پی نے پالیسی نرخ 25 بی پی ایس تک کم کرکے تاریخ کی کم ترین سطح **5.75** فیصد پر پہنچا دیا۔مالی سال میں پی ایس ایکس کا 100 انڈیکس 37783 پوائنٹس پر اختتام پذیر ہوا، جس میں گذشتہ سال کے مقابلے میں**15.1** فیصد رہا۔تیل اور اجناس کی قیمتوں میں کمی اور چینی معیشت میں سست روی کی وجہ سے پیدا ہونے والی ہلچل کی وجہ سے انڈیکس کی 31001 پوائنٹس کی کم ترین سطح رکارڈ ہوئی۔ تاہم معیشت ابھی تک چند اور چیلنجز کا سامنا کر رہی ہے جس کے اثرات مستقبل پر ہوں گے۔ شرح سرمایہ کاری مسلسل کم رہی اور سی پی ای سی کے علاوہ ایف ڈی آئی بھی پیچھے رہا۔ ٹیکس کی بیس کو وسیع کرنے کی ضرورت ہے جس کے لیے غیر معمولی کوششیں کرنے کی ضرورت ہے۔ برآمدات میں مسلسل کمی جس کی وجہ برآمدات کیے جانے والے ملکوں میں ان کی مانگ میں کمی ادائیگی کے توازن کو متاثر کر رہی ہے۔ تیل کے علاوہ دیگر اشیاء کی درآمدات سے تیل کی درآمد کی ادائیگی سے حاصل ہونے والے فائدے کو بے نتیجہ کر دیا ہے۔ ترسیلِ زر میں کسی مزید کمی کے معیشت پر مادی اثرات ہوں گے۔

پر امید ہیں کہ آنے والے سالوں میں سی ای پی سی کے تحت ہونے والے منصوبوں کی جلد تکمیل سے سپلائی سائیڈ میں حائل رکاوٹوں میں کمی آئے گی خاص طور پر توانائی کے مسائل میں۔

کار کردگی کا جائزہ

زیرِغور سال کے دوران، آپکے مضاربہ نے اطمینان بخش کارکردگی جاری رکھی اور قبل از مینجمٹ کی فیس**14.478** ملین روپے کا منافع کمایا۔ گذشتہ سال اور اس سال کے دوران کل آمدنی تقریباً یکساں رہی۔سال کے دوران وصولیابی اور منافع کو موئثر طور پر متنوع نئے کاروبار کے لیے 42 ملین روپے اجارہ۔ 62 ملین روپے مرابحہ اور مشارکہ کی لین دین کے لیے قرضہ کا اجراء کرکے لیکویڈیٹی پیدا کی۔ 18 ملین روپے تنوع اور 8 ملین روپے کی اسٹاک مارکیٹ آپریشنز میں سرمایہ کاری کی۔

گذشتہ سال کے مقابلے میں زیر غور سال میں منافع**4.861** ملین روپے کم ہوا۔ اس کی وجہ گذشتہ سال کے منافع میں شامل گاہکوں کی جانب سےمتوقع نا دہندگی کے لیے مختص کردہ**5.216** ملین روپے کا ایسے گاہکوں سے وصولیابی کی وجہ سے اس مد میں مختص رقم کی واپسی کا اندراج کیا گیا جبکہ موجودہ سال میں اس طرح کے کسی فائدے کا اندراج نہیں کیا جا سکا ۔ زیر غور سال میں مسلسل کی جانے والی کوششوں کے باوجود سست اور پیچیدہ قانونی پروسس کی وجہ سے کوئی خاص رقم وصول نہیں کی جاسکی۔ تاہم، اس مقصد کے لیے مربوط کوششیں جاری رہیں گی اور سال 2016-17 میں ان میں سے خاصی وصولیاں متوقع ہیں

تمام آپریٹنگ انڈیکیٹرز (عملدرآمد کے اشارے) متواتر کارکردگی دکھاچکے ہیں۔ آپ کےمضاربہ کی بیلنس شیٹ کی بنیاد**396.172**ملین روپے رہی اور حامل سرٹیفیکیٹ کی ایکوٹی**310.085**ملین روپے سے بڑھ کر **310.165**ملین روپے ہو گئی۔ انتظامی اخراجات گذشتہ سال کے مقابلے میں 10 فیصد تک محدود رکھا گیا۔

مستقبل کا خاکہ

آپ کی مینجمنٹ مسلسل اپنی بہترین کوششوں کو موروثی پورٹ فولیو کی زیادہ سے زیادہ وصولیابی کرنے، کاروبار کا حجم بڑھانے اور آپریٹنگ لاگتوں کو محدود کرکے بہتر نتائج کے حصول کے لیے مختص کر رکھا ہے۔ مضاربہ کے لیےمناسب کریڈٹ ریٹنگ کے حصول کے لیے کوششیں جاری ہیں تاکہ اسلامی بینکوں سے فنڈنگ لائن کے لیے مذاکرات کیے جا سکیں۔ ایکویٹی کے اضافے کے لیےمتعدد امکانات تلاش کیے جا رہے ہیں جن میں سرمایہ کاروں کی شمولیت اور رائٹ سرٹیفیکیٹس کا اجراء شامل ہیں۔ سرٹیفیکیٹس کنندہ کے مستقبل کے فوائد کاروبار کےحجم اور فنڈنگ وسائل میں اضافے ہی سے ممکن ہے اور اس کے لیے آپ کی مینجمنٹ مشترکہ کوششیں کر رہی ہے۔ ہم پر اعتماد ہیں کہ مضاربہ کی مالیاتی پوزیشن میں تمام اجزاء اور صلاحیت ہیں کہ وہ متوازن نمو کو برقرار رکھ سکے جس کو سرٹیفیکیٹس کنندہ کے بہترین مفاد میں حقیقت بنایا جا رہا ہے۔

ڈیوڈینڈ کی تقسیم

بورڈ، 30، جون 2016 کو اختتام پذیر سال کے دوران مضاربہ کے حاصل کردہ منافع کی بنیاد پر 3 فیصدکیش ڈیویڈینڈ یعنی **0.3** روپے فی سرٹیفیکیٹ کا اعلان کرتے ہوئے خوشی محسوس کرتا ہے جس کا اعلان کیا جا چکا تھا۔ کتابوں کی بندش کے بعد ڈیویڈینڈ کے حق کا تعین کرنے کے بعد مناسب وقت پراعلان کر دیا جائے گا۔

کارپورٹ گورننس کے تحت تعمیل

* ٹرسٹ مضاربہ کی مینجمنٹ کے تیار کردہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس معاملات ، آپریشن کے نتائج، کیش فلو اور ایکوٹی میں رد وبدل کی درست تصویر پیش کرتے ہیں
* مناست طور سے کھاتوں کی بکس رکھی گئی ہیں۔
* مضاربہ کےمالیاتی اسٹیٹمنٹس کی تیاری میں مناسب اکاؤنٹنگ پالیسیوں کو استعمال کیا گیا ہے اور اکاؤنٹنگ تخمینوں کی بنیاد مناسب اور محفوظ اندازے ہیں۔
* مالیاتی اسٹیٹمنٹس کی تیاری میں بین الاقوامی مالیاتی رپورٹنگ اسٹینڈرڈز جو مضاربہ پر لاگو ہوتے ہیں ان پر عملدرآمد کیا گیا اور ان پر عملدرآمد نہ ہونے کی صورت میں ان کو مناسب طور پر ظاہر کیا گیا ہے۔
* اندرونی نگرانی نظام کا ڈیزائن مضبوط ہے اور اس کا موثر طور پر نفاذ کیا جا چکا ہے اور اس کی موئثر نگرانی کی جاتی ہے
* مضاربہ کے ایک جاری رہنے والے ادارے کے ہونے کی صلاحیت کے بارے میں کوئی خاص شبہات نہیں ہیں۔
  قوانین میں درج بہترین طریقہ کار اور کارپوریٹ گورننس سے انحراف نہیں کیاگیا ہے۔

بورڈز میٹنگز (کےاجلاس)

ٹرسٹ مضاربہ کے بورڈ کی چار میٹنگزمنعقد ہوئیں جس میں حاضری کی تفصیل درج ذیل ہے؛

ڈائریکٹرز کے نام		میٹنگز میں شرکت کی تعداد
جناب منظور حسین شاہ کاظمی	چیئر مین	3
جناب بشیر احمد چوہدری	چیف ایکزیکیوٹیو آفیسر	4
جناب سہیل انصار	ڈائریکٹر	صفر
جناب شیخ ارشد فاروق	ڈائریکٹر	4
ڈاکٹر ناموس باقر	ڈائریکٹر	4
سید شاہنواز اے رضوی	ڈائریکٹر	4
جناب محمد عمران الحق	ڈائریکٹر	صفر

جو ڈائریکٹر اجلاس میں شرکت نہ کرسکے، ان کی پیشگی اطلاع دیئے جانے کی بنیاد پر، ان کو رخصت دے دی گئی

آڈٹ کمیٹی اور اندرونی کنٹرول کا نظام

آپ مضاربہ کی مینجمنٹ چیک اور بیلنس کے اچھی طرح سے وضاحت کردہ نظام کے ذریعے سے اچھی کارپوریٹ گورننس کے نفا پر یقین رکھتی ہے۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے مضبوط اندرونی کنٹرول نظام تشکیل دیا ہے اور اس کا موئثر طور پر مضاربہ کے ہر مرحلے پر اس کا نفاظ کیا جاتا ہے ۔

آڈٹ کمیٹی تین نان ایکزیکیوٹیو ارکان بشمول کمیٹی کے چیئر مین پر مشتمل ہے۔

آڈیٹرز

موجودہ آڈیٹرز میسرز ڈیلوئٹ یوسف عادل، چارٹرڈ اکاونٹینٹس نے ٹرسٹ مضاربہ کے ساتھ اپنی پانچ کی تقرری کی مدت مکمل کر چکی ہے۔ آڈٹ کمیٹی کے مشورے پر بورڈ میسرز ہوورتھ حسین چودھری اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاونٹینٹس کی بطور دستوری آڈیٹرز برائے مالیاتی سال 2017 کے اختتام تک کی منظوری دے چکا ہے۔ یہ انتخاب رجسٹرار مضاربہ کی منظوری سے مشروط ہے۔

سرٹیفیکیٹس رکھے جانے کا رجحان

30 جون 2016 کو سرٹیفیکیٹس رکھے جانے کا رجحان منسلک ہے۔ ڈائریکٹرز، سی ای او ، ایزیکیویٹوز اور ان کے شریکِ حیات اور ان کے نا بالغ بچوں نے سال کے دوران مضاربہ کے سرٹیفکٹس کا کوئی لین دین نہیں کیا۔

فنڈز کی سرمایہ کاری کی قدر

مضاربہ اپنے تمام مستقل ملازمین شراکتی پراویڈینٹ فنڈ آپریٹ کرتا ہے۔ مضاربہ اور ملازمین برابر ی کی بنیاد پر ہر مہینے ملازمین کی بنیادی تنخواہ کا 10 فیصد فنڈ میں جمع کرواتے ہیں۔ 30 جون 2016 کو فنڈز کے تازہ ترین اکاونٹس کی بنیاد پر سرمایہ کاری کی قدر 3786717 روپے رہی۔

آمدنی فی سرٹیفیکیٹ

پذیر سال پر مضاربہ کی گذشتہ سال کی 0.58روپے فی سرٹیفیکیٹ کے مقابلے میں 0.44روپے فی سرٹیفیکیٹ رہی۔ 30 جون 2016کو اختتام

"جمع پونجی" اعلامیہ

سیکیورٹی ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ایس آر او نمبر 924(آئی)/2015 کی تعمیل کرتے ہوئے "جمع پونجی " کا اعلامین اس رپورٹ میں شامل کیا جا چکا ہے۔

اعتراف

بورڈ مضاربہ رجسٹرار اور ایس ای سی پی کا ان کی مسلسل رہنمائی اور حمائت کو سراہتا ہے۔ بورڈ مضاربہ کے ملازمین اور ایکزیکیوٹیوکی سخت محنت اور عزم کو بھی سراہتا ہے۔ اور آخر میں بورڈ اپنے سرٹیفیکیٹس کنندہ کے مضاربہ کے ساتھ ان کے اخلاص کے لیے ممنونیت کا اظہار کر نا چاہتا ہے اور توقع کرتا ہے کہ ان کی حمائت مستقبل میں بھی جاری رہے گی۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے

بشیر اے چودھری

چیف ایکزیکیوٹیو

کراچی

27 ستمبر 2016